# 9966 ـ نماز جنازہ ادا کرنے والوں کی کثرت سے حاصل ہونے والی فضیلت

**سوال**

کیا نماز جنازہ میں افراد کی کثرت کو کوئی فضیلت حاصل ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما کی حدیث میں ثابت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" جو کوئی مسلمان شخص فوت ہو اور اس کی نماز جنازہ میں چالیس افراد شریك ہوں جو اللہ تعالی کے ساتھ شرك نہ کرتے ہوں تو اللہ تعالی ان کی سفارش قبول کرتے ہیں"

اسے مسلم رحمہ اللہ تعالی نےاپنی صحیح مسلم میں روایت کیا ہے.

اس لیے علماء کرام نے مستحب قرار دیا ہے کہ نماز جنازہ کے لیے ایسی مسجد یا جنازگاہ تلاش کی جائے جہاں نماز جنازہ ادا کرنے والوں کی تعداد زیادہ ہو، اور نماز جنازہ میں جتنی تعداد زیادہ ہوگی اتنا ہی خیر کے زیادہ قریب اور دعا کی قبولیت زیادہ ہوگی .